## گلگت بلتستان کے لئے نئے انتظامی پیکج کے اعلان پر الطاف حسین کا خیر مقدم

## شمالی علاقہ جات کے عوام طویل عرصہ سے احساس محرومی کا شکار تھے

## نئے انتظامی پیکج کے اعلان پر گلگت کے عوام کو مبارکباد، صدر، وزیراعظم کو خراج تحسین

لندن:۔۔۔29/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے وفاقی کابینہ کی جانب سے شمالی علاقہ جات کا نام گلگت بلتستان رکھنے اور وہاں انتظامی پیکج کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شمالی علاقہ جات کے عوام طویل عرصہ سے احساس محرومی کا شکار تھے اور وفاقی کابینہ کے اس اقدام سے گلگت بلتستان کے عوام کو نہ صرف ایوانوں میں نمائندگی کا حق ملے گا بلکہ انہیں بااختیار بھی بنایا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے گلگت بلتستان کے لئے انتظامی پیکج کے اعلان پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی کابینہ کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور گلگت بلتستان کے عوام کو دلی مبارکباد بھی پیش کی۔

## صوبوں کو خود مختاری دیکر مسائل حل کئے جاسکتے ہیں، فاروق ستار

اسلام آباد۔۔۔29/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ گلگت بلتستان کو آئینی حیثیت دینے کیلئے ایم کیو ایم نے تجاویز پیش کیں ہیں اور صوبوں کو خود مختاری دیکر مسائل حل کیے جاسکتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو اوپی ایف میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے وفاقی کابینہ میں شمالی علاقہ جات کے نام کو تبدیل کر کے گلگت بلتستان تجویز کیا ہے جسکی منظوری وفاقی کابینہ نے دی ہے اس کیلئے صدر، وزیراعظم اور وفاقی کابینہ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ گلگت بلتستان کو زیادہ بااختیار بنانے کیلئے یہ قانون منظور کیا گلگت بلتستان میں ایم کیو ایم کے تنظیمی ڈھانچہ کام کر رہا ہے۔ایم کیو ایم نے تجاویز پیش کیں جس میں وفاقی کابینہ نے غور و خوض کیا۔دیرینہ مطالبہ تھا کہ اسے ایک صوبہ ڈکلیئر کیا جائے اس پر وفاقی کابینہ میں اتفاق رائے کیں، آرٹیکل A کے تحت اور کچھ کچھ دیگر مشکلات ہیں صوبہ کو نہیں بنایا جاسکتا ہے لیکن وہاں کے عوام کو اس قانون کی رو سے بااختیار بنا کر خود مختاری دی جارہی ہے کسی حد تک یہ آزاد کشمیر ماڈل ہے ہم نے ایک اور تجویز رکھی تھی کہ قومی وصوبائی اسمبلی میں گلگت بلتستان کو نمائندگی دی جائے۔اس نئے قانون کے تحت وہاں گورنر اور وزیراعلیٰ ہوگا، وزیراعلیٰ وہاں کی قانونی بار کونسل سے لیا جائیگا، گورنر وفاقی نمائندہ ہوگا ہم نے تجویز دی ہے کہ گورنر مقامی ہونی چاہیئے، نئے انتخابات کے ساتھ ہی نیا نظام نافذ العمل ہوگا، ہم نے یہ اپیلٹ کورٹ کے ججز کو بااختیار بنایا جائے، ہم نے ٹیکسز کے معاملے میں نکتہ اٹھایا ہے کہ NFC کے درمیان وسائل کی تقسیم گلگت بلتستان کے وسائل کی تقسیم کی بات ہونی چاہیئے، دریائے سندھ کی رائلٹی کا مسئلہ ہے، سیاحت سے جو آمدنی ہوگی گلگت بلتستان کی تعمیر و ترقی پر خرچ کی جائیگی، ڈیم کی رائلٹی کیلئے NFC کو دیں گے بجٹ دینے کا اختیار دیا جارہا ہے میں نے اس میں ہر سطح پر مشورے کی بات کی ہے بلتستان میں دو مزید انتظامی اضلاع قائم کی جائیں گلتری کا علاقہ خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے، مظفر گڑھ ضلع بنایا دیا گیا، گلگت بلتستان کے عوام کو مبارکباد دیتے ہیں انتخابات امتحان ہوگا، پاکستان کے دیگر صوبوں کی طرف سے صوبائی خود مختاری کا مطالبہ آرہا ہے، اصلاحتی کمیٹی اس پر کام کر رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ تمام سیاسی جماعتوں کی ذمہ دار ہے، صدر آصف زرداری کو عوام نے جو مینڈٹ کے ذریعے دیا ہے مفاہمتی عمل کے ذریعے دیرپا سیاسی استحکام قائم کیا جائے ہمیں اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی قرار دادیں ہیں جن کی وجہ سے مشکلات ہیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ آئینی پارلیمانی کمیٹی صوبائی خود مختاری کا جائزہ لے رہی ہے، انتظامی یونٹوں اور صوبوں کو زیادہ اختیار دینے میں پیشرفت کریں تو بہتر ہے اس سے ہم 62 سالہ ایڈہاک ازم ختم کردیں گے۔انہوں نے کہا کہ سیاحت اور جنگلات سے حاصل آمدنی وہاں خرچ کی جانی چاہیئے۔

## طالبانائزیشن کے حوالہ سے الطاف حسین کے خدشات درست ثابت ہو رہے ہیں، حق پرست سینیٹرز

## سلطان آباد سے تحریک طالبان پاکستان کے کمانڈر کی گرفتاری پر تبصرہ

کراچی۔۔۔29/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے کراچی کے علاقہ سلطان آباد سے تحریک طالبان پاکستان کے کمانڈر کی گرفتاری پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ طالبانائزیشن کے حوالہ سے

قائدتحریک جناب الطاف حسین کے خدشات ایک کر کے سچ ثابت ہورہے ہیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے سندھ اوراس کے دارالخلافہ کراچی میں طالبانائزیشن کی سازش کیخلاف آواز اٹھائی تو قوم کوگمراہ کرنے والے سیاسی ومذہبی رہنماء اوربعض کالم نگاروں نے جناب الطاف حسین کے خدشات کوواویلاقراردیا تھا۔انہوں نے کہا کہ کراچی سے طالبان کے دہشتگردوں کی گرفتاری کے مسلسل واقعات اس بات کا کھلاثبوت ہیں کہ طالبانائزیشن کے حوالہ سے جناب الطاف حسین کے خدشات صدفیصد درست تھے۔حق پرست سینیٹرز نے حکومت سے مطالبہ کیا کراچی میں طالبان دہشتگردوں کی موجودگی کا نوٹس لیا جائے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔

## الطاف حسین نے بھاری رقوم کی پیشکش قبول کرنے سے انکارکرکے ثابت کردیاہے ہے وہ اصول پسندرہنماہیں،حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔29/اگست2009ء

ایم کیوایم حق پرست اکان قومی اسمبلی نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی اصول پسندی اورسیاستدانوں کی خریدوفروخت کے خلاف اصولی موقف ملک بھر کے سیاسی ومذہبی رہنماؤں کے لئے مشعل راہ ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف جناح پورنقشہ کے الزام کے حوالہ سے انٹیلی جنس بیورو کے سابق ڈی جی بریگیڈیئر(ر)امیتازاحمداورکورکمانڈرکراچی جنرل(ر)نصیراختر کے چشم کشااعتراف کے بعد بریگیڈیئر(ر)امتیازاحمد کی جانب سے یہ اعتراف کرنا کہ آئی ایس آئی کے سابق سربراہ حمیدگل کی ہدایت پرنوٹوں سے بھرے بریف کیس لیکر جناب الطاف حسین کے پاس گئے تھے لیکن جناب الطاف حسین نے یہ رقم لینے سے صاف انکارکردیا۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ ایسے ماحول میں جب خفیہ ایجنسیوں کی جانب سے سیاسی ومذہبی رہنماؤں کو بھاری رقم دی جارہی تھیں۔جناب الطاف حسین نے بھاری رقوم کی پیشکش قبول کرنے سے انکارکرکے ثابت کردیاہے ہے وہ اصول پسندرہنماہیں اورانھیں دولت کی چمک سے خریدانہیں جاسکتا۔جناب الطاف حسین کا یہ اصولی موقف تمام سیاسی ومذہبی رہنماؤں کے لئے مشعل راہ ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے ملک بھر کےعوام سے کہا کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین اورملک کے دیگرسیاسی ومذہبی رہنماؤں کے قول وفعل اورعمل وکردارکاازخودجائزہ لیں اورملک میں سچی جمہوریت کے قیام کیلئے جناب الطاف حسین کےفکروفلسفہ کوعام کریں۔

## صدقہ،زکوٰۃ،فطرہ اوردیگرعطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں،رابطہ کمیٹی کی عوام ومخیّر حضرات سے اپیل خدمت خلق فاؤنڈیشن غریب ومستحقین کی بلارنگ ونسل امدادکرتی ہیں

کراچی۔۔۔29/اگست2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ رمضان المبارک میں صدقہ،زکوٰۃ،فطرہ اوردیگرعطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن پاکستان کاواحدوہ فلاحی ادارہ ہے جواپنی مددآپ کے تحت غریب مستحقین بیواؤں،یتیموں،ناداروں اورطلباء طالبات کی بلاامتیازرنگ ونسل،زبان وعقیدہ اورمذہب عملی امدادکررہاہے۔اس ادارے کے تحت میڈیکل سینٹرز،فلاحی ڈسپنسریوں،طبی اامدادی کیمپوں کے ذریعہ غریب مریضوں کوعلاج ومعالجہ کی مفت سہولیات فراہم کی جارہی ہیں جبکہ حادثات اورقدرتی آفات کے موقع پربھی یہ ادارہ دکھی انسانیت کی خدمت میں پیش پیش ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت میت بس سروس،ایمبولینس سروس اوربلڈبنک کے ذریعہ شہریوں کی عملی خدمت کی جارہی ہے جبکہ رمضان المبارک کے آخری عشرے میں مستحق افرادکوعیدکی خوشیوں میں شریک کرنے کے لئے سالانہ امدادی پروگرام بھی منعقدکیاجاتارہاہے۔رابطہ کمیٹی نےحق پرست عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی ہے کہ وہ رمضان المبارک میں اپنے صدقات،زکوٰۃ،فطرہ اوردیگرعطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کودیں تاکہ یہ ادارہ دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنامزیدبھرپورکردارادا کرسکے۔

## رمضان المبارک میں ہوش ربا مہنگائی کا فوری نوٹس لیا جائے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔29/اگست 2009ء

حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ رمضان المبارک میں روزمرہ استعمال کی اشیاء کی من مانی قیمتوں میں فروخت کا فوری نوٹس لیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک میں روزہ مرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے اور ہوش ربا مہنگائی کے باعث روزہ مرہ استعمال کی اشیاء غریب عوام کی قوت خرید سے دور ہوگئی ہیں اور غریب عوام رمضان کے مہینے میں روزہ مرہ استعمال کی اشیاء سے محروم ہیں۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ رمضان المبارک میں ہوش ربا مہنگائی کا فوری نوٹس لیا جائے اور منافع خوروں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

## جناح پور سازش کے ذریعے ایم کیو ایم کی حب الوطنی مشکوک بنانے والے ہی دراصل ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں، کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی۔۔۔29/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی نے کہا ہے کہ جناح پور نقشہ کے گھناؤنا الزام کا مقصد ملک بھر کے عوام کو ایم کیو ایم سے متنفر کرنے کی سازش تھی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ شروع دن سے ہی ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خاتمے کی عملی جدوجہد کر رہی ہے اور اسٹیبلشمنٹ اور جاگیرداروں، وڈیروں اور سرمایہ داروں کے ٹرائیکا نے ایم کیو ایم کو بدنام کرنے کیلئے ریاستی آپریشن شروع کیا اور اس پر جناح پور کا گھناؤنی الزام لگا کر 18 برس تک ظلم وستم ڈھائے جس کے باعث ہزاروں کارکنان شہید، ہزاروں اسیر رہے۔ جبکہ آج بھی بے شمار لوگ قید و بند کی صعوبتیں برداشت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج وقت نے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیو ایم محبّ وطن جماعت ہے اور اس کی حب الوطنی مشکوک بنانے والے ہی دراصل ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ کراچی مضافاتی کمیٹی نے کہا کہ سابق فوجی افسران کے اعترافی بیان کے بعد یہ حقیقت کھل کر سامنے آچکی ہے کہ ایم کیو ایم کو سازش کے تحت صفحہ ہستی سے مٹانے کی کوشش کی گئی اور اس پر لگائے گئے تمام الزامات من گھڑت اور ڈھونگ تھے۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29/اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن عرفان انصاری کی والدہ محترمہ انیسہ خاتون، ایم کیو ایم سکھر زون کے ڈسٹرکٹ الیکشن سیل کے رکن ابوالکلام کے والد سید عبدالستار شاہ، ایم کیو ایم سکھر زون یونٹ یوسی 9 کے یونٹ انچارج آفتاب الدین کی اہلیہ محترمہ شبانہ اور ایم کیو ایم جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 3 کے کارکن صابر حسین کی اہلیہ نگینہ صابر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆